NYC میں HIV 2023

نیو یارک سٹی میں نیو یارک کے شہریوں کی صحت کو بڑھانے کے لیے HIV کی روک تھام، جانچ، دیکھ بھال اور علاج کے اقدامات کی منصوبہ بندی اور ان پر عمل درآمد کرنے کے لیے نگرانی کے ڈیٹا کا استعمال کیا جاتا ہے۔ 2023 کے اعداد و شمار کے مطابق کچھ کمیونٹیز HIV سے غیر متناسب طور پر متاثر ہو رہی ہیں اور نظام میں موجود جاری نا انصافیوں کی وجہ سے دیکھ بھال اور وسائل تک رسائی محدود ہو رہی ہے اور لوگوں کو ایک بھرپور اور صحت مند زندگی گزارنے میں دشواری ہو رہی ہے۔

1,686 نئے لوگوں میں 2023 میں NYC میں HIV کی تشخیص ہوئی — جو 2022 کے مقابلے میں **7.6%** زیادہ ہیں۔

HIV کی نئی تشخیص ہونے والے افراد کا تناسب

NYC کی آبادی کا تناسب



HIV کی تشخیص ہونے والے 83% افراد کا تعلق **سیاہ فام** یا **لاطینی نسل سے تھا**[1] یہ گروہ **NYC** کی آبادی کا صرف **51%** بنتے ہیں۔

ان لوگوں میں سے جن میں **HIV** کی نئی تشخیص ہوئی ہے:

- **79%** مرد تھے
- **18%** خواتین تھیں
- **3%** ٹرانس جینڈر خواتین تھیں
- ٹرانس جینڈر مرد **1%** سے کم تھے

68% افراد کی عمریں **20** تا **39** سال تھیں

0 تا 12	کوئی نئی HIV تشخیص نہیں ہوئی
13 تا 19	2%
20 تا 29	**34%**
30 تا 39	**34%**
40 تا 49	16%
50 تا 59	9%
60+	6%



97% کا امکان تھا کہ وہ جنسی رابطے سے HIV کا شکار بنے[2]



69% ایسے مرد تھے جو مردوں کے ساتھ جنسی تعلق قائم کرتے ہیں[2]

2023 میں NYC میں ایک اندازے کے مطابق **88,700** افراد کا HIV کا شکار تھے۔

NYC میں HIV والے ہر 100 افراد میں سے:

- **95** کی تشخیص ہوئی
- **88** کو HIV کی نگہداشت موصول ہوئی
- **82** کو HIV کے علاج کی ادویات تجویز کی گئیں
- **80** میں وائرس دبا ہوا تھا

دبے ہوئے وائرس کے ساتھ[3] وہ افراد جو **HIV** کا شکار تھے کی نسل یا قومیت مختلف تھی۔[1]

سیاہ فام	77%
لاطینی	81%
سفید فام	88%
ایشیائی اور پیسفک آئیلینڈر	83%
آبائی امریکی	79%
کثیر نسلی	72%

HIV کی ٹیسٹنگ، علاج اور روک تھام کے بارے میں معلومات اور وسائل NYC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ٹیسٹنگ
آپ درج ذیل سے اپنے قریب موجود HIV کی مفت یا کم قیمت ٹیسٹنگ تلاش کر سکتے ہیں:

- NYC میں موجود کسی بھی جنسی صحت کے کلینک میں جا کر، جہاں سے 12 سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہر فرد ایک رازدارانہ اور گمنام ٹیسٹ کروا سکتا ہے: **nyc.gov/health/sexualhealthclinics**
- NYC Health میپ تلاش کریں: **nyc.gov/health/map**
- "TESTNYC" لکھ کر 55676 پر ٹیکسٹ کر کے
- **311** پر کال کر کے

پارٹنر کی اطلاع میں معاونت کے لیے، **311** پر کال کریں

علاج
HIV کے علاج کی ادویات محفوظ ہیں اور پہلے سے کہیں زیادہ مؤثر ہیں۔

- ناقابل سراغ = ناقابل منتقلی **(Undetectable = Untransmittable, U=U)** HIV والے جو افراد علاج کرا رہے ہیں اور کم از کم چھ ماہ تک ناقابل سراغ وائرل لوڈ برقرار رکھتے ہیں، ان کے جنسی عمل سے HIV منتقل نہیں ہو سکتا۔

روک تھام
کنڈوم اور رکاوٹ کے دیگر طریقوں کے علاوہ، HIV سے بچاؤ کے لیے محفوظ اور مؤثر ادویات بھی موجود ہیں۔

- قبل از ابتلاء حفاظتی تدابیر (Pre-Exposure Prophylaxis, PrEP) سے HIV کو پیشگی روکا جا سکتا ہے۔
- بعد از ابتلاء حفاظتی تدابیر (Post-Exposure Prophylaxis, PEP) ایک ہنگامی دوا ہے جو نئے HIV انفیکشن کو روک سکتی ہے، اگر مبتلاء ہونے کے بعد جلد لے لی جائے۔

نوٹ: NYC محکمۂ صحت کو 31 مارچ، 2024 کو موصول ہونے والے ڈیٹا کے مطابق۔ ڈیٹا اور تعریفوں کے بارے میں معلومات کے لیے، اور 2023 کی مکمل رپورٹ پڑھنے کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"hiv in nyc"** تلاش کریں۔
[1] قومیت کے زمروں میں لاطینی نسل کو شامل نہیں کیا گیا؛ لاطینی نسل کے لوگوں کو لاطینی زمرے میں گروپ کیا جاتا ہے قطع نظر ان کی قومیت کی درجہ بندی سے۔ [2] فیصد میں نامعلوم منتقلی کی معلومات والے افراد کو خارج کر دیا گیا ہے (n = 487)۔ [3] وہ افراد جن کا 2023 کے آخری ٹیسٹ میں وائرل لوڈ ناقابل سراغ تھا۔

NYC Health

نیویارک شہر میں HIV کے بارے میں مزید معلومات اور وسائل کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا ملاحظہ کریں: **nyc.gov/health/hiv**
جنسی طور پر پھیلنے والی بیماریوں (STIs) کے بارے میں مزید معلومات اور وسائل کے لیے ملاحظہ کریں: **nyc.gov/health/sti**
1.25 Urdu